
ILO 100 1919-2019
SOCIAL JUSTICE
DECENT WORK



# بیرون ملک ملازمت کے خواہشمند افراد کیلئے رہنمائی کتابچہ

## باخبر مائیگریشن محفوظ مستقبل



RE FRAME
GLOBAL ACTION TO IMPROVE THE RECRUITMENT FRAMEWORK OF LABOUR MIGRATION

اس پراجیکٹ کیلئے مالی معاونت یورپی یونین نے کی ہے

مرتب کردہ: پاکستان ورکرز فیڈریشن

ترمیم اور تدوین: منور سلطانہ
نیشنل پروجیکٹ کوارڈینیٹر، ری فریم پروجیکٹ
آئی ایل او آفس برائے پاکستان

ڈیزائننگ: شجر / راشد علی

اشاعت اول: 2019، پاکستان

# بیرون ملک ملازمت کے خواہشمند افراد کیلئے رہنمائی کتابچہ

باخبر مائیگریشن محفوظ مستقبل

REFRAME
GLOBAL ACTION TO IMPROVE THE RECRUITMENT FRAMEWORK OF LABOUR MIGRATION

اس پراجیکٹ کیلئے مالی معاونت یورپی یونین نے کی ہے

# پیش لفظ

پاکستان ورکرز فیڈریشن محنت کشوں کی فیڈریشن ہے جو بین الاقوامی طور پر انٹرنیشنل ٹریڈ یونینز کنفیڈریشن سے ملحق ہے اور محنت کشوں کے حقوق کے لئے آواز اٹھانے اور انکے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لئے کوشاں ہے۔ پاکستان کی 423 یونینز اس فیڈریشن کا حصہ ہیں۔

1971 سے جولائی 2019 کے دوران، ایک کروڑ سے زائد پاکستانی بیرون ملک خدمات سرانجام دے رہے ہی اور ملک کو کثیر زرمبادلہ فراہم کررہی ہے۔ جو پاکستانی معیشت کے لئے بہت اہم ہے۔ تاہم بہت سے افراد لاعلمی اور تعلیم کی کمی کے باعث غیر قانونی ایجنٹوں کے ہاتھوں استحصال کا شکار ہوجاتے ہیں اور اپنے قانونی حقوق سے استفادہ حاصل نہیں کر پاتے۔ اس صورت حال کے پیش نظر عالمی ادارۂ محنت کے تعاون سے پاکستان ورکرز فیڈریشن نے نوجوان قیادت کی استعداد میں اضافہ کے لئے ایک تربیتی پروگرام مرتب کیا تاکہ منتخب اضلاع میں **"رہنمائی مراکز برائے مائیگرینٹ ورکرز"**، قائم کئے جائیں، اور ضلعی سطح پر آگاہی سیشن کے ذریعے بیرون ملک ملازمت کے خواہشمند افراد اور متعلقہ شراکت داروں کو محفوظ، باضابطہ اور قانونی مائیگریشن کے متعلق رہنمائی فراہم کی جائے اور بیرون ملک ملازمت اور قیام کو محفوظ اور آسان بنایا جاسکے۔

اس کتابچہ کی تیاری میں نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن، مائیگرینٹ ریسوس سینٹر، اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن، بیورو آف ایمیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ اور میر امان کی معلوماتی دستاویزات سے معاونت حاصل کی گئی ہے۔

اس کتابچہ کو مرتب کرنے میں عالمی ادارۂ محنت سے مس منور سلطانہ نیشنل پراجیکٹ کوآرڈینیٹر، ری فریم پراجیکٹ نے بھرپور تکنیکی معاونت فراہم کی ہے۔ اس کتابچہ کی تیاری میں ڈاکٹر محمد اسحاق نے اہم کردار ادا کیا ہے۔

پاکستان ورکرز فیڈریشن یورپی یونین کی مالی معاونت کی شکرگزار ہے جس کے تحت اس اہم موضوع پر پروگرام مرتب کیا گیا اور اس کتابچہ کی تدوین کی گئی ہے۔

یہ کتابچہ کاپی رائٹ ایکٹ 1962 کے تحت پاکستان ورکرز فیڈریشن اور عالمی ادارۂ محنت کی ملکیت ہے۔ کسی بھی پیشہ وارانہ استعمال سے قبل ان اداروں سے تحریری اجازت طلب کرنا لازمی ہے۔

ایم ظہور اعوان　　　چوہدری نسیم اقبال　　　چوہدری سعد

ری فریم پراجیکٹ، پاکستان آفس، عالمی ادارۂ محنت

# فہرست


| نمبر شمار | موضوعات | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| | پیش لفظ | |
| .1 | لیبر مائیگریشن، غیر قانونی مائیگریشن کے نقصانات | 01 |
| .2 | مائیگریشن کے مراحل | 02 |
| | ● بیرونِ ملک ملازمت سے قبل کے مراحل | 03 |
| | ● بیرونِ ملک روانگی | 11 |
| | ● بیرونِ ملک آمد، ملازمت اور قیام | 16 |
| | ● پاکستان واپسی اور دوبارہ قیام | 25 |
| .3 | شفاف اور قانونی طریقے سے بیرونِ ملک ملازمت اور بھرتی کے لیے عمومی اصول | 26 |
| .4 | گلف ممالک کے لیبر قوانین | 29 |

# لیبر مائیگریشن
# غیر قانونی مائیگریشن کے نقصانات

01

جب کوئی فرد حصولِ روزگار کے لیے ایک سے دوسرے ملک منتقل ہوتا ہے تو اِس عمل کو لیبر مائیگریشن کہا جاتا ہے۔ ویزہ ، ورک پرمٹ یا دیگر قانونی دستاویزات کے بغیر بیرونِ ملک سفر کرنا یا غیر قانونی طریقے سے کسی ملک کی سرحد پار کرنا ایک انتہائی غلط فیصلہ ہے۔ اگر آپ کے پاس وہ تمام دستاویزات نہیں ہیں جو بیرونِ ملک سفر کرنے کے لیے ضروری ہیں، تو آپ خود کو ایک بڑے خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ اگر آپ کسی ملک کی سرحد غیر قانونی طریقے سے پار کرتے ہیں تو آپ ایک سنگین جرم کر رہے ہیں۔

ایسے بہت سے جرائم پیشہ عناصر موجود ہیں جو غیر قانونی طور پر سفر کرنے والے افراد کا استحصال کرتے ہیں۔یہ عناصر بیرونِ ملک سفر کے لیے آپ سے ایک بھاری رقم وصول کرنے کے ساتھ ساتھ آپ کی جان کو شدید خطرات میں ڈال سکتے ہیں اور ممکن ہے آپ مطلوبہ منزل تک نہ پہنچ پائیں۔جرائم پیشہ عناصر نوکری یا دیگر کسی کام کا جھانسہ دے سکتے ہیں اور پھر بیرونِ ملک پہنچنے پر لوگوں کو بغیر تنخواہ سخت محنت کرنے اور جبری مشقت، عصمت فروشی سمیت استحصال کی دیگر صورتوں پر مجبور کر سکتے ہیں۔

اگر آپ نے قانونی طور پر دوسرے ملک سفر کیا ہے تو ویزہ یا ورک پرمٹ کی میعاد ختم ہونے کے بعد وہاں رکنا غیر قانونی ہے۔ یاد رکھیے قانونی اجازت نامے اور ضروری دستاویزات کے بنا دوسرے ملک میں رہنا آپ کے لیے کسی بھی وقت مشکل صورتِ حال پیدا کر سکتا ہے۔

اگر آپ کے پاس قانونی اجازت نامہ نہیں ہے تو اس بات کا بہت حد تک امکان ہے کہ اس ملک کے حکام آپ کو فوراً آپ کے ملک واپس بھیج دیں گے۔






# مائیگریشن کے مراحل

02

مائیگریشن ایک پیچیدہ عمل ہے جس میں بہت سارے مراحل شامل ہیں جن کو ذیل میں دکھایا گیا ہے۔



# 1. بیرونِ ملک ملازمت سے قبل کے مراحل

## 1.1 بیرون ملک ملازمت کے لیے فیصلہ کرنا

بیرون ملک ملازمت کا فیصلہ کرتے ہوئے تین اہم پہلوؤں کا جائزہ لیں جن میں مائیگریشن سے متعلقہ اخراجات، آپ کی ذاتی زندگی اور اہل خانہ پر اثرات، آپ کی سماجی اور پیشہ ورانہ زندگی پر اثرات شامل ہیں۔ یہ تینوں پہلو کچھ سوالات کے ساتھ نیچے دیے گئے ہیں۔ ان سوالات کے مناسب جوابات آپ کو ایک بہترین اور محفوظ فیصلہ کرنے میں مدد فراہم کریں گے۔

### 1.1.1۔ مائیگریشن سے متعلقہ اخراجات

- مائیگریشن کے ہر مرحلہ پر آنے والے اخراجات کتنے ہوں گے؟
- سفری اور دوسرے اخراجات، جن میں دستاویزات کی تصدیق بھی شامل ہے، کو کیسے پورا کیا جائے گا؟
- کیا ان اخراجات کو پورا کرنے کے لیے رقم کسی رشتہ دار یا بینک سے ادھار لینا ہوگی یا پھر کوئی قیمتی اثاثہ بیچنا پڑے گا؟
- کیا مستقبل میں ملازمت سے حاصل ہونے والی اُجرت میں سے اتنی رقم بچائی جا سکتی ہے کہ جس سے مائیگریشن پر آنے والے اخراجات واپس ہو جائیں گے؟

### 1.1.2۔ ذاتی زندگی اور اہل خانہ پر اثرات

- کیا میں نے بیرون ملک فیصلہ کرتے ہوئے اپنی بیوی یا خاوند، بچوں، والدین، دوست اور قریبی رشتہ داروں سے مشورہ لیا ہے اور کیا وہ میرے جانے کے حق میں ہیں؟
- کیا میں اپنے اہل خانہ، رشتہ داروں اور دوستوں کے بغیر دو یا تین سال کے لیے بیرون ملک رہ سکتا ہوں؟
- کیا میرے اہل خانہ دو سے تین سال کے لیے میری مدد کے بغیر گھریلو معاملات چلا سکتے ہیں؟
- کیا بیرون ملک ملازمت کے دوران میرے اہل خانہ محفوظ رہیں گے؟

### 1.1.3۔ سماجی و پیشہ ورانہ اثرات

- کیا بیرون ملک ملازمت کا تجربہ مستقبل میں میرے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا؟
- کیا بیرون ملک ملازمت کرنے سے میرے علم اور ہنر میں بہتری آئے گی؟
- کیا بیرون ملک ملازمت کرنے سے میرے پیشہ ورانہ تعلقات میں اضافہ ہوگا؟
- کیا بیرون ملک ملازمت کرنے سے نئے ہُنر، تکنیک اور ٹیکنالوجی سیکھ پاؤں گا جو مجھے اور میرے ملک کو مستقبل میں فائدہ دے گا؟



## 1.2 بیرون ملک ملازمت کا انتخاب اور ذرائع

بیرون ملک ملازمت حاصل کرنے کے لیے عام طور پر مندرجہ ذیل ذرائع کا استعمال کیا جاتا ہے۔

1۔ اوورسیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن (او ای سی)
2۔ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز / ریکروٹمنٹ / ایجنسی (OEP)
3۔ براہ راست ملازمت کا حصول (رشتہ دار، دوست، اخبار، ویب سائیٹ یا جاب پورٹل)

### اورسیز ایمپلائمٹ کارپوریشن

- بیرون ملک ملازمت کو فروغ دینے کے لیے ایک سرکاری ادارہ ہے، جو وزارتِ سمندر پار پاکستانیز اور ترقیِ انسانی وسائل کے زیرنگرانی خدمات فراہم کرتا ہے۔
- گلف ممالک، جاپان، کوریا اور ملائیشیا وغیرہ سے لیبر ڈیمانڈ لینا اور اخبار، ویب سائٹ کے ذریعے ملازمت کا اشتہار دینا۔
- تصدیق شدہ بیرون ملک ملازمتوں کی تفصیل اس ویب سائیٹ سے حاصل کی جاسکتی ہے www.jobs.oec.gov.pk
- ڈیمانڈ کے مطابق تربیت یافتہ افراد کا چناؤ کرنا۔
- ڈیمانڈ کے مطابق تربیت یافتہ افراد کی بھرتی کیلئے آجر کے ساتھ رابطہ قائم کرنا۔
- ڈیمانڈ کے مطابق غیر ملکی زبان سیکھنے، ضروری دستاویز کی تیاری اور تصدیق میں مدد فراہم کرنا۔
- انٹرویو کی تیاری میں مدد فراہم کرنا۔
- ملازمت کے معاہدے کی تفصیلات بتانا اور روانگی سے قبل رہنمائی فراہم کرنا۔
- بیرون ملک سفر کے لیے کم قیمت اور آسان طریقے سے ٹکٹ کی خریداری میں مدد فراہم کرنا۔
- غیر ہنرمند افراد کیلئے سروس چارجز فیس 40,000 روپے اور اعلیٰ تربیت یافتہ / پروفیشنل افراد کیلئے 65,000 روپے ہے۔
- بیرونِ ملک ملازمت کے دوران شکایات کے ازالے کیلئے ویب سائیٹ پر رابطہ کریں complaints@oec.gov.pk

| | | |
|---|---|---|
| **اورسیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن** | ہیڈ آفس اسلام آباد: +92-519253251-57 | ریجنل آفس کراچی: +92-2199203471 |
| | ریجنل آفس لاہور: +92-42-99332950-51 | ریجنل آفس کوئٹہ: +92-81-9211651 |
| | | ریجنل آفس پشاور: +92-91-9225473 |

### پرائیویٹ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز (OEP)/ ریکروٹمنٹ ایجنسی

- یہ بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ سے رجسٹرڈ ہوتے ہیں اور لائسنس کے ذریعے بیرون ملک ملازمت کی ڈیمانڈز حاصل کرتے ہیں۔ OEP کی تصدیق اس ویب سائیٹ سے کی جاسکتی ہے https://beoe.gov.pk/list-of-oeps?show=active
- BEOE کی تصدیق اور اجازت کے بعد اخبار میں اشتہار دینا۔ بیرون ملک ملازمت کی تصدیق اس ویب سائیٹ سے کی جاسکتی ہے: http://beoe.gov.pk/foreign-jobs
- دستاویزات کی تیاری (تصدیق، امیگریشن کے مراحل) میں مدد فراہم کرنا۔
- ملازمت کے معاہدے کی تفصیلات بتانا اور روانگی سے قبل رہنمائی فراہم کرنا۔ بیرون ملک ملازمت کے دوران شکایت کے حل میں مدد فراہم کرنا۔ پروٹیکٹوریٹ آفس سے ویزے اور دستاویزات کی تصدیق کروانا۔

## براہِ راست ملازمت تلاش کرنا




- گھر بیٹھے بیرون ملک ملازمت بذریعہ کمپیوٹر یا موبائل تلاش کر سکتے ہیں۔
- ملازمت کی تصدیق کیلئے مائیگرینٹ ریسورس سینٹر، پروٹیکٹوریٹ آفس یا بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
- بیرونِ ملک موجود رشتہ داروں، دوستوں یا واقف کاروں کے ذریعے ملازمت حاصل کرنا۔

## لوکل ایجنٹ / سب ایجنٹ



- لوکل / سب ایجنٹس نہ تو گورنمنٹ کے ساتھ رجسٹر ہوتے ہیں، نہ ان کے پاس لائسنس ہوتا ہے، یہ غیر قانونی طور پر بیرون ملک ملازمت کے خواہشمند افراد کو بھاری رقوم کے عوض ملازمت یا ویزہ فراہم کرتے ہیں اس لئے ان کے ذریعے بیرون ملک ملازمت کا حصول خطرناک ہو سکتا ہے۔
- لوکل / سب ایجنٹ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹر/ایجنسیوں اور بیرون ملک ملازمت کے خواہشمند افراد کے درمیان رابطے کا کام کرتے ہیں۔
- بہت سے افراد ان کے ہاتھوں نقصانات اٹھا چکے ہیں جن میں رقم لے کر فرار ہو جانا بھی شامل ہے۔
- گلف ممالک میں جعلی کمپنی میں ملازمت، غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک بھجوانا، ورک ویزا کے بجائے وزٹ یا ٹورسٹ ویزا فراہم کرنا۔
- رقم کے لین دین کے لیے کسی قسم کی رسید نہیں دیتے جس کی وجہ سے دھوکے کی صورت میں ثبوت فراہم نہیں کیے جا سکتے اور ادا کی گئی رقم سے ہاتھ دھونا پڑتے ہیں۔

## غیر قانونی بھرتی یا فراڈ سے کیسے بچا جا سکتا ہے؟

- کسی ایسی ریکروٹمنٹ ایجنسی یا ایمپلائمنٹ پروموٹر کے ذریعے بیرون ملک ملازمت کے لیے رابطہ نہ کریں جو بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ کے ساتھ رجسٹرڈ نہ ہو۔
- کسی ایسی لائسنس یافتہ یا رجسٹرڈ ریکروٹمنٹ ایجنسی کے ساتھ معاملات طے نہ کریں جس کے پاس بیرون ملک ملازمت کی بھرتی کی ڈیمانڈ نہ ہو۔
بھرتی کی ڈیمانڈ کی تصدیق دو طریقوں سے کی جا سکتی ہے (1۔ پروٹیکٹر آفس سے جاری کردہ اجازت نامہ۔ 2۔ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹر کی طرف سے اخبار میں اشتہار)
- کسی ایسے شخص کے ساتھ بیرون ملک ملازمت کے معاملات طے نہ کریں جس کو لائسنس یافتہ یا رجسٹرڈ ریکروٹمنٹ ایجنسی نے اختیار نہ دیا ہو۔
- بیرون ملک ملازمت کے معاملات صرف رجسٹرڈ ریکروٹمنٹ ایجنسی کے دفتر میں طے کریں۔ بھرتی کا عمل جس صوبہ میں کیا جا رہا ہے تو اس بات کو یقینی بنا لیں کہ ریکروٹمنٹ ایجنسی کا اس صوبے میں آفس موجود ہو۔
- بیرون ملک ملازمت کے لیے طے شدہ فیس سے زیادہ ادائیگی ہرگز نہ کریں اور ادائیگی کی صورت میں اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹر سے رسید طلب کریں۔
- بیرون ملک ملازمت کے لیے اس وقت تک فیس کی ادائیگی نہ کریں جب تک آپ کو ایک ملازمت کا معاہدہ اور لیٹر نہ مل جائے۔
- بیرون ملک ملازمت کے اشتہار کے جواب میں رقم کسی پوسٹ آفس باکس (P.O. Box) کے پتہ پر ارسال مت کریں۔

- کسی ٹریول ایجنسی، ایجوکیشن کنسلٹنٹ، ٹریڈ ٹیسٹنگ ایجنسی یا ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ سے معاملات طے نہ کریں جو بیرون ملک ملازمت کا جھانسہ دیں۔ یہ غیر قانونی ہے۔

اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹر یا ریکروٹمنٹ ایجنسی کے لائسنس کی تصدیق کے لیے مندرجہ ذیل ذرائع کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔

- بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ کے دفاتر یا ویب سائٹ سے (www.beoe.gov.pk) جہاں تمام لائسنس یافتہ ایمپلائمنٹ پروموٹرز کی تفصیلات موجود ہیں۔

**یاد رکھیں۔**

ویزا کے اجراء کے لیے پاسپورٹ کی میعاد (Expiry Date) چھ ماہ سے زیادہ ہونا لازمی ہے۔

## بیرونِ ملک ملازمت کا فیصلہ اور انتخاب کرتے وقت مندرجہ ذیل اداروں سے رجوع کریں۔

### مائیگرینٹ ریسورس سینٹر:

- بیرون ملک ملازمت کے حوالے سے مستند معلومات فراہم کرنا، رجسٹرڈ ایجنٹ اور بیرونِ ملک ملازمت کی تصدیق کرنا
- بیرون ملک ملازمت کے حوالے سے دستاویزات اور ان کے حصول کے طریقہ کار کی معلومات دینا۔
- شکایات کے اندراج میں مدد فراہم کرنا۔
- قانونی طریقے سے بیرون ملک جانے کے فوائد اور غیر قانونی طریقے کے نقصانات کے بارے میں معلومات دینا۔
- بیرون ملک سفر کی احتیاطیں اور انتظامات کی تربیت فراہم کرنا۔
- ٹریڈ ٹیسٹنگ سنٹر، صحت اور حفظانِ صحت کے اداروں اور فنی مہارت کے اداروں کے متعلق رہنمائی فراہم کرنا۔
- بیرون ملک ملازمت کے حوالے سے مشورہ دینا۔

**اسلام آباد:** میزانائن فلور، شہید ملت سیکریٹریٹ، بلیو ایریا، اسلام آباد info@mrc.org.pk | +92 51 9219617

**لاہور:** انڈسٹریل ریلیشنز انسٹیٹیوٹ، ملحقہ ریسکیو 1122، نزد چاندنی چوک، ٹاؤن شپ، لاہور info@mrc.org.pk | +92 42 99262132

### بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ

- بیرون ملک ملازمتوں کے بارے میں معلومات فراہم کرنا اور انکی تصدیق کرنا معلومات کیلئے ویب سائیٹ وزٹ کریں: https://beoe.gov.pk/foreign-jobs
- امیگریشن کو کنٹرول اور ریگولیٹ کرنا۔
- تارکین وطن کی بہبود اور ان کے مفادات کا تحفظ کرنا۔
- اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کو مدد فراہم کرنا اور ان کے کام کی نگرانی کرنا۔
- وفاقی حکومت کو امیگریشن پالیسی اور طریقہ کار پر مشورہ دینا۔
- تارکین وطن کی شکایت درج کرنے اور دادرسی میں مدد فراہم کرنا۔

**اسلام آباد آفس:** امیگریشن ٹاور، پلاٹ نمبر 10، G-8-1، اسلام آباد +92 51 9107272






- معاہدہ:

’’معاہدہ کوفارن سروس ایگریمنٹ بھی کہتے ہیں جس میں ملازمت کی تمام شرائط درج کی جاتی ہیں۔
روانگی سے قبل معاہدے پر دستخط کرنے ہوتے ہیں‘‘

اس لیے آپ کے لیے ضروری ہے کہ آپ معاہدہ کے اہم نکات کو سمجھیں اور یقینی بنائیں کہ یہ اہم نکات آپ کے معاہدہ میں شامل ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| نام اور شناختی کارڈ نمبر | آجر کا نام اور پتہ | کام کی جگہ |
| کام کی نوعیت | تنخواہ اور دی گئی مراعات | معاہدہ اور آزمائشی دورانیہ۔ |
| آزمائشی دورانیہ 6 ماہ سے زائد نہ ہو۔ | ملازمت کی مدت، کام کے اوقات | اوور ٹائم کا اصول اور حساب |
| چھٹیوں کی تفصیل | تنخواہ میں کٹوتی کی تفصیلات | معاہدہ منسوخ کرنے کی تفصیلات |
| ملازمت کے اختتام پر دی جانے والی مراعات کی تفصیل | | |

نوٹ:

معاہدہ سے متعلق درج ذیل باتوں کا خیال ضرور رکھیں۔

- معاہدہ کی ایک نقل اپنے پاس اور ایک خاندان والوں کے پاس ضرور رکھیں۔
- پہلے آجر آپ سے ملازمت کے معاہدے پر دستخط کروائے گا تا کہ وہ آپ کے لیے رہائشی اجازت نامہ/ اقامہ حاصل کر سکے۔ ملازمت کی جگہ پہنچ کر آپ سے اصل معاہدہ پر دستخط کروائے جائیں گے۔ اس لیے ضروری ہے کہ دونوں معاہدوں کا موازنہ کریں اور چیک کریں کہ دونوں معاہدوں کی شرائط میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اگر شرائط تبدیل ہیں اور آپ کے لیے قابل قبول نہیں ہیں تو آپ اپنے سفارت خانہ میں موجود ویلفیئر اتاشی سے مدد لیں۔

- **کفالہ :**

> گلف ممالک میں کام کرنے کے لیے ضروری ہے کہ وہاں کوئی مقامی شخص یا کمپنی آپ کی ذمہ داری قبول کرے۔
> ''اس سپانسر شپ کو مقامی زبان میں کفالہ کہتے ہیں اور سپانسر کرنے والے شخص یا کمپنی کو کفیل کہتے ہیں''

آپ کیلئے ضروری ہے کہ اپنے کفیل سے متعلق مندرجہ ذیل تفصیلات کو جان لیں۔



1
آجر/کفیل کا نام۔ پتہ۔
ٹیلی فون نمبر



2
دیکھیں کہ آجر / کفیل
کوئی کمپنی ہے یا ایک فرد۔




3
روانگی سے قبل آجر/کفیل
سے بات کریں۔



4
متعلقہ اداروں کی
تفصیلات اپنے اور اہل
خانہ کے پاس رکھوائیں۔



5
ایجنسی کو ادا کی گئی رقوم کی
رسیدیں سنبھال کر رکھیں۔




6
معاہدہ کی خلاف ورزی کی
صورت میں متعلقہ ایجنسی
کے خلاف شکایات درج
کروائیں۔

- **قومی شناختی کارڈ :**

اِس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ قومی شناختی کارڈ مخصوص مدت تک کے لیے قابلِ استعمال ہے۔

- **پاسپورٹ :**

قومی پاسپورٹ مخصوص مدت کے لیے قابلِ استعمال ہے۔

## تعلیمی اسناد اور ڈگریوں کی تصدیق:

تمام تعلیمی اسناد کی تصدیق متعلقہ صوبائی ایجوکیشن بورڈ سے اور ڈگری کی تصدیق ہائر ایجوکیشن کمیشن سے کروانا لازمی ہے۔اِس کے بعد اِن تمام دستاویزات کی تصدیق وزارتِ خارجی امور (Ministry of Foreign Affairs) سے کروانا لازمی ہے۔

## ہنرمندی:

ٹکنیکل ووکیشنل ٹریننگ کے سرٹیفکیٹ کی تصدیق متعلقہ صوبائی ٹریڈ ٹیسٹنگ بورڈ (Trade Testing Board) سے کروانا لازمی ہے۔

## طبی معائنہ:

گلف ممالک میں ملازمت کے لیے مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر رجسٹریشن کروائیں اور 10 ڈالر بذریعہ کریڈٹ/ویزا کارڈ ادا کر کے قریبی میڈیکل سینٹر سے معائنہ کے لیے وقت مقرر کریں۔

www.gcchmc.org/gcc/register

طبی معائنہ کی فیس میڈیکل سینٹر کو بذریعہ بینک چالان فارم ادا کی جاتی ہے۔

## پروٹیکٹر آف ایمیگرینٹس

پروٹیکٹر آف ایمیگرینٹس کی ذمہ داری ہے کہ بیرونِ ملک ملازمت کے خواہشمند افراد کو تحفظ فراہم کرے اور ان کو فراڈ یا استحصال سے بچائے۔ بیرونِ ملک روانگی سے پہلے پروٹیکٹر آف ایمیگرینٹس سے رجسٹریشن، بائیومیٹرک تصدیق اور پاسپورٹ پر مہر حاصل کرنا ضروری ہے۔اس کیلئے اپنے علاقہ میں موجود پروٹیکٹر آف ایمیگرینٹس کے دفتر تشریف لے جائیں۔روانگی سے قبل ضروری معلومات کی بریفنگ دی جاتی ہے جس میں ورکر کے حقوق، صحت، قوانین، ماحول اور ثقافت کے علاوہ او پی ایف کے ذریعے فلاحی منصوبوں اور سہولیات کی معلومات شامل ہیں ان کو سننا اور سمجھنا انتہائی ضروری ہے تاکہ بیرون ملک پہنچ کر کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔پروٹیکٹر آف ایمیگرینٹس کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

### اوورسیز ایمپلائمنٹ ایجنسی کی طرف سے بے ضابطگیوں کی صورت میں پروٹیکٹر آف ایمیگرینٹس سے شکایت کیلئے معلومات

| | |
|---|---|
| **راولپنڈی آفس** | ڈائریکٹر<br>فون نمبر: 092-51-9290439<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرینٹس، بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، رحمان آباد، میٹرو اسٹیشن، مریدیاں مال، نادرہ اینڈ پاسپورٹ آفس بلڈنگ، راولپنڈی۔ |
| **پشاور آفس** | ڈائریکٹر<br>فون نمبر: 092-92-258449<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرینٹس، بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، پولیس اسٹیشن، کینال روڈ، گرینڈ ٹرنک روڈ، گل بہار، سکندر ٹاون، پشاور۔ |
| **کراچی آفس** | ڈائریکٹر<br>فون نمبر: 092-21-34398711<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرینٹس، بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، J-14، بلاک نمبر 6، نزد KFC، نرسری PECHS، کراچی۔ |

| | |
|---|---|
| ڈائریکٹر<br>فون نمبر: 092-42-35852660<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرینٹس ، بیوروآف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، G-117 بلاک، ماڈل ٹاون، لاہور۔ | **لاہور آفس** |
| ڈپٹی ڈائریکٹر<br>فون نمبر:091-81-9201733<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرنٹس، بیوروآف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، بنگلہ نمبر B-113 ارباب افضل بنگلوز نزد سپریٹنڈنٹ آف پولیس ٹرینگ، سپینی روڈ، کوئٹہ۔ | **کوئٹہ آفس** |
| ڈپٹی ڈائریکٹر<br>فون نمبر:092-62-9330438, 9330439, 9330440<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرنٹس، بیوروآف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، مکان نمبر 336 نقش بند کالونی ایف آئی اے سٹریٹ، رشید آباد چوک، ملتان۔ | **ملتان آفس** |
| ڈپٹی ڈائریکٹر<br>فون نمبر:92-0932-412483<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرنٹس، بیوروآف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، دوسری منزل، گل سٹی سینٹر، بائی پاس روڈ، بٹ خیلہ، مالاکنڈ۔ | **مالاکنڈ آفس** |

- ## قطر میں ملازمت

قطری حکومت نے پاکستان میں اسلام آباد اور کراچی میں قطر ویزہ سینٹر بنائے ہیں۔جن کا مقصد قطر میں ملازمت اور بھرتی کے عمل کو شفاف، تیز اور آسان بنانا ہے۔ ویزہ کے تمام اخراجات آجر/کفیل کی ذمہ داری ہیں۔ مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں۔

www.Qatarvisacenter.com
Call center Helpine : 051-843938-4
Email: info.pak@qatarvisacenter.com

- ## روانگی سے قبل ایمپلائمنٹ پروموٹر سے دستاویزات کا حصول

بیرون ملک ملازمت کے لیے روانگی سے قبل اپنے ایمپلائمنٹ پروموٹر یا ایجنسی سے اپنی دستاویزات حاصل کرلیں۔ان دستاویزات میں آپ کا پاسپورٹ، شناختی کارڈ، فارن سروس ایگریمنٹ اور آپ کے بیرون ملک آجر یا کمپنی کی معلومات شامل ہیں۔اس کے علاوہ یہ بات بھی معلوم کرلیں کہ آپ کو ائیر پورٹ سے کون لینے آئے گا اور آپ کس جگہ جائیں گے تاکہ بعد میں پریشانی نہ ہو۔

پاسپورٹ لیتے ہوئے اس کا بغور جائزہ لیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ اس پر پروٹیکٹر آف امیگرنٹس کے دستخط، مہر اور رجسٹریشن نمبر لگا ہوا ہے تاکہ روانگی کے وقت ائیر پورٹ پر کوئی مسئلہ درپیش نہ آئے۔

# 2. بیرونِ ملک روانگی

## 2.1 بیرون ملک سفر

روانگی سے قبل اس بات کو یقینی بنالیں کہ مندرجہ ذیل دستاویزات آپ کے پاس موجود ہیں تا کہ ضرورت پڑنے پر اصل یا ان دستاویزات کی فوٹو کاپیاں امیگریشن کے عمل کے دوران اہلکاروں کو دکھائی جا سکیں۔

- ایئر ٹکٹ
- پاسپورٹ
- فارن سروس ایگریمنٹ / ملازمت کا معاہدہ
- شناختی کارڈ
- انشورنس سرٹیفیکیٹ / بیمہ کی دستاویزات اور او پی ایف رجسٹریشن دستاویزات
- اوورسیز امپلائمنٹ پروموٹر کی تفصیلات
- کفیل / آجر یا کمپنی کی تفصیلات
- اس فرد کی تفصیلات جو آپ کو ائیر پورٹ لینے آئے گا
- جس ملک میں آپ جا رہے ہیں وہاں موجود پاکستانی سفارتخانے یا قونصلیٹ کا پتہ اور ٹیلی فون نمبر

مندرجہ بالا دستاویزات کو تیار رکھیں اور دستی بیگ میں محفوظ کرلیں تا کہ ضرورت پڑنے پر آسانی سے استعمال کیے جا سکیں۔ اس کے علاوہ ان دستاویزات کی فوٹو کاپیوں کے دو سیٹ تیار کرلیں جس میں سے ایک آپ اپنے اہل خانہ کو دیں جبکہ دوسرا سیٹ محفوظ جگہ پر رکھ لیں تا کہ کسی ناگہانی صورت میں ان سے مدد لی جا سکے۔

# ذمہ داریاں

- غیر ملکی کارکن ہونے کی حیثیت سے آپکی ذمہ داری ہے کہ آپ :

**1**



چھٹی کی صورت میں آجر کو پیشگی
اطلاع کریں۔

**2**




بیماری کی چھٹی کی صورت میں آجر
کو میڈیکل سرٹیفکیٹ دیں۔

**3**



سردی/گرمی کی شدت سے بچیں۔

**4**



جنسی/مہلک بیماریوں سے بچنے کے
لیے احتیاطی تدابیر اپنائیں۔

**5**



قوانین، رسم رواج اور زبان کا
احترام کریں۔

**6**



خواتین کا احترام کریں۔

**7**



مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث نہ
ہوں۔

**8**



کام کی جگہ پر آویزاں بورڈ پر قوانین
کو سمجھیں۔

**9**



ضروری دستاویزات ویزہ،
پاسپورٹ، بیمہ زندگی،
ملازمت کا معاہدہ وغیرہ۔
سنبھال کر رکھیں

# ثقافت

گلف ممالک کی ثقافت کا خیال رکھیں کہ

## وہاں:

1

اسلامی قانون

2

سیاسی سرگرمیاں ممنوع

3

مخصوص لباس

4

منشیات

5

کسی کو گھورنا یا اس پر ہنسنا منع ہے

6

دعوت قبول کرنا

7

مقامی طریقے اپنانا

# اخلاقی اقدار

نیچے دی گئی اخلاقی اقدار آپ کے لیے ضروری اور فائدہ مند ہو سکتی ہیں۔

1

ایمانداری وقار اور مثبت رویے

2


صفائی اور مناسب لباس

3

عزت، احترام اور شائستگی

4

مددگار بنیں

5

غیر ضروری مداخلت اور تنقید سے پرہیز

6

ذاتی زندگیوں میں مداخلت سے اجتناب

7

غلطی تسلیم کرنا

8

اپنے کام اور سپروائزر کو سمجھنے کی کوشش کرنا

9

ماتحت کو عزت دینا

# 3. بیرون ملک آمد، ملازمت اور قیام

## 3.1 میزبان ملک آمد

- بیرون ملک پہنچنے پر جہاز میں ہدایات دی جاتی ہیں، جن پر عمل کریں۔
- جہاز میں آپ کو ایک لینڈنگ کارڈ دیا جائے گا اس کو بھر کر عملہ کو واپس کریں۔
- جہاز سے اتر کر آپ امیگریشن کاؤنٹر پر جائیں اور اپنی امیگریشن کلیر کروائیں۔
- اپنا سامان لگیج کاؤنٹر سے وصول کریں۔
- ایگزٹ (باہر جانے والے گیٹ) کی طرف جانے کے لیے جگہ جگہ بورڈ لگے ہونگے جو باہر جانے والے گیٹ تک رہنمائی کریں گے۔
- اپنے کفیل اور کمپنی کے نمائندے سے ملاقات کریں جو پہلے سے آپ کے نام کے کارڈ کے ساتھ موجود ہوگا۔
- متعلقہ نمائندے کی معلومات چیک کریں جو آپ کو پاکستان میں فراہم کی گئی تھیں۔
- اگر آپ ٹرانزٹ فلائیٹ کے ذریعے جا رہے ہیں تو ائیرپورٹ پر معلوماتی ڈیسک سے مزید رہنمائی لے سکتے ہیں۔
- فلائیٹ کی معلومات آپ کی ٹکٹ پر بھی موجود ہوں گی۔

- **حقوق :**

غیر ملکی کارکن ہونے کی حیثیت سے آپ کو حق حاصل ہے کہ:

1

ضروری دستاویزات ساتھ رکھیں۔

2

بیماری کی صورت میں چھٹی لیں۔

3


رمضان 6 گھنٹے اور عام دنوں میں 8 گھنٹے کام کریں۔

4

یومیہ اجرت ہفتہ وار/ماہانہ وصول کریں۔

5

نماز، آرام اور کھانے کا وقفہ کریں۔

6

پیس ورک کا معاوضہ ہفتہ وار وصول کریں۔

7

سالانہ 2 ہفتے، 5 سال بعد 4 ہفتے کی چھٹی لیں۔

8

پیس ورک کے بقایا جات ہفتہ کے اندر وصول کریں۔

9

سالانہ چھٹیوں کی تنخواہ پیشگی لیں۔

10

حقوق کے استحصال کی صورت میں شکائیت کریں اور قانونی تحفظ حاصل کریں۔

دیگر حقوق : اگر آپ قانونی طور پر غیر ملکی کارکن ہیں تو آپ کو حق حاصل ہے کہ

11
STATE LIFE
فوتگی کی صورت میں ورثاء اسٹیٹ لائف انشورنس کے طرف سے بیمہ کی رقم 10 لاکھ روپے وصول کریں۔

12

لیبر قانون کے مطابق آجر سے صحت کا بیمہ حاصل کریں۔

13

زخمی، فوتگی یا دائمی معذوری کی صورت میں قانونی معاوضہ حاصل کریں۔

14

آپ جہاں چاہیں سفر کریں۔

15
فوتگی کی صورت میں ورثاء OPF کی طرف سے 4 لاکھ روپے اور دائمی معذوری کی صورت میں 3 لاکھ روپے وصول کریں۔

## 3.3 کفیل تبدیل کرنا

آپ گلف ممالک میں اپنے موجودہ کفیل سے اجازت نامہ لیے بغیر نئے کفیل کے پاس کام نہیں کر سکتے۔ اجازت نامہ کو مقامی زبان میں تنازل کہتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کیلئے یہ بھی ضروری ہے کہ آپ نئے کفیل سے قبولیت کا خط حاصل کریں۔

مندرجہ ذیل صورتوں میں کفیل تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| آپکا موجود کفیل فوت ہو جائے یا موجودہ کمپنی تحلیل ہو جائے تو آپکو متعلقہ حکومتی ادارے وزارتِ سماجی اُمور سے اجازت لینا ہوگی۔ | متعلقہ حکومتی ادارے سے اجازت کے بعد اپنے فارغ وقت میں دوسرے آجر کے ساتھ کام کر سکتے ہیں۔ لیکن اس سے آپ کے اصل کام میں خلل نہیں پڑنا چاہیے۔ | وہ ملازمین جو لیبر قوانین کے زُمرے میں نہیں آتے، گھریلو ملازمین اور زرعی شعبہ سے وابستہ ملازمین اپنے آجر کے امتیازی سلوک کے سبب اپنے آجر کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ |

## 3.4 بھرتی اور ملازمت کے دوران مسئلہ کے حل کیلئے شکایت درج کرانا

شکایات متعلقہ اداروں کو درخواست، ای میل یا ویب سائٹ کے ذریعے ارسال کی جا سکتی ہیں۔ ایجنسی یا ایجنٹ کی شکایات 6 ماہ کے دوران بھیجی جا سکتی ہیں۔ دیر کرنے کی صورت میں ازالہ مشکل ہوتا ہے۔ شکایت کے ساتھ مندرجہ ذیل دستاویزات کی فوٹو کاپیاں پیش کرنا ہوں گی۔

- شناختی کارڈ
- پاسپورٹ
- ملازمت کا معاہدہ/ فارن سروس ایگریمنٹ (عربی اور انگریزی میں)
- بھرتی کے عمل کے دوران ادا کردہ رقم کی رسیدیں
- آجر کی طرف سے ملازمت کا آفر لیٹر / ملازمت کے لیے پیشکش کا خط
- ایمپلائمنٹ ایجنسی یا ایجنٹ سے متعلقہ کوئی دستاویز یا ثبوت جو آپ کی شکایت کو درست ثابت کرتا ہو



## کمیونٹی ویلفیئر اتاشی

- میزبان ممالک میں موجود پاکستانی سفارتخانے میں کمیونٹی ویلفیئر اتاشی ڈیسک ہوتا ہے۔ جس کا کام تارکین وطن کو مسائل کے حل اور قانونی مدد فراہم کرتا ہے۔
- دوران ملازمت کسی بھی نوعیت کا مسئلہ ہو تو پاکستانی سفارتخانے میں موجود کمیونٹی ویلفیئر اتاشی سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔
- مسئلہ کا تعلق میزبان ملک سے ہو یا پاکستان سے۔ کمیونٹی ویلفیئر اتاشی اور اس کا عملہ مائیگریمنٹ کی دادرسی اور رہنمائی کے لیے موجود ہوتا ہے۔

### 1۔ کمیونٹی ویلفیئر اتاشی جدہ I (سعودی عرب)

دفتر: 0966-12-6611661
رہائش: 00966552353366
فیکس: 0096612-6606275
ای میل: cwa1@eddah.com
N-17، E-7

### 2۔ کمیونٹی ویلفیئر اتاشی جدہ II (سعودی عرب)

دفتر: 0966-12-66133605
رہائش: 009665523062080
فیکس: 0096612-6606275
ای میل: cwa2@eddah.com
پاکستانی سفارت خانہ ڈپلومیٹک کواٹرز
پی او باکس 94007 الریاض

### 3۔ کمیونٹی ویلفیئر اتاشی الریاض I (سعودی عرب)

دفتر: 0966-114822507
رہائش: 00966552773332
فیکس: 00966114887953
پاکستانی سفارت خانہ ڈپلومیٹک کواٹرز
پی او باکس 94007 الریاض

### 4۔ کمیونٹی ویلفیئر اتاشی الریاض I (سعودی عرب)

دفتر: 00966-114826473
رہائش: 00966594478991
فیکس: 00966-114887953

### 5۔ کمیونٹی ویلفیئر اتاشی دبئی I

دفتر: 0971-43971748
رہائش: 00971502248935
فیکس: 009712-43971975
009712-43971364
ای میل: cwa-i@pakistanconsulate.ae
پاکستانی سفارت خانہ پلاٹ نمبر 2 سیکٹر
W-59 ڈپلومیٹک انکلیو پی او بکس 846 ابوظہبی

### 6۔ کمیونٹی ویلفیئر اتاشی دبئی II

دفتر: 00971-43966651
رہائش: 00971543125876
فیکس: 00971243971364
ای میل: asma.ghazanfer@gmail.com
پاکستانی سفارت خانہ خالد بن ولید روڈ دبئی

### 7۔ کمیونٹی ویلفیئر اتاشی قطر

ایمبیسی آف پاکستان پلاٹ نمبر 30 ڈپلومیٹک ایریا پی او بکس 334 دوحہ

دفتر: 00974-44836708
رہائش: 00974-33237479
فیکس: 00974-44832227
junaldamirsial@yahoo.com

مندرجہ ذیل ویب سائیٹ پر بھی شکایات درج کروائی جا سکتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| www.opc.punjab.gov.pk | www.beoe.gov.pk |
| www.oec.gov.pk | www.opf.org.pk |
| www.oec.gov.pk | www.mrc.org.pk |

| شکایت کی نوعیت | ادارے کا نام اور پتہ |
|---|---|
| وفاقی حکومت کی منسٹریز، وزارتوں اور اداروں کے خلاف شکایت | **تارکین وطن کے لیے گریوینس کمشنر سیل**<br>**وفاقی محتسب اعلیٰ**<br>فیکس نمبر: 0092-51-9217256<br>ٹیلی فون نمبر: 0092-51-9217243<br>موبائل نمبر: 0092-300-8487161<br>ای میل: hafizahsaan1973@gmail.com<br>advisor.hakhokhar@ombudsmna.gov.pk<br>پتہ: وفاقی محتسب ہیڈ آفس، 36۔شاہراہ دستور، سیکٹر G-5/2، اسلام آباد۔ |
| اوورسیز ایمپلائمنٹ ایجنسی، ایجنٹ یا آجر کے خلاف شکایت | وزارت برائے سمندر پار پاکستانی وترقی انسانی وسائل<br>بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ<br>ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل<br>ٹیلی فون: 051-9107261<br>فیکس نمبر: 051-9107270<br>موبائل نمبر: 0333-5209281<br>ای میل: bureaumig@hotmail.com<br>ویب سائیٹ: www.beoe.gov.pk./feedbake<br>پتہ: امیگریشن ٹاور، پلاٹ نمبر 10، ماوٴے ایریا، سیکٹر G-8، اسلام آباد۔ |
| ایجنٹ کی طرف سے دھوکہ دہی یا فراڈ کے خلاف شکایت (غیر رجسٹرڈ ایجنٹ) | وفاقی ادارہ برائے تحقیقات (ایف آئی اے)<br>ٹیلی فون: 051-9261104, 051-9260951<br>UAN: 92-51-111-345-786<br>ای میل: directorimmigration@gmail.com, complaints@fia.gov.pk |

## اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن

- تارکین وطن کی سماجی بہبود وترقی پر توجہ دینا اوران کے اہل خانہ کو درپیش مسائل کا حل نکالنا ہے۔
- تارکین وطن کو سماجی بہبود، تعلیم وصحت، ہاؤسنگ، وظائف، مالی امداد اور ترسیل زر کے شعبے میں مدد فراہم کرتا ہے۔
- بیرون ملک قیام یا وطن واپسی کے دوران اگر کارکن وفات پا جاتا ہے۔تو OPF اس کے اہل خانہ کو 4 لاکھ روپے اور معذوری کی صورت میں تین لاکھ روپے کی مالی مدد دیتا ہے۔
- او پی ایف کے ممبر پاکستانیوں کے بچوں کو تعلیمی اداروں میں ٹیوشن فیس میں 50 فیصد رعایت، میتوں کی وطن واپسی اور بیرون ملک وفات پانے والے پاکستانیوں کے بقایا جات، تنخواہ، گریجوٹی اور دیگر معاوضوں کے حصول کو یقینی بناتا ہے۔
- ائیر پورٹ آمد اور روانگی پر قانونی مدد کے لیے OPF کا عملہ موجود ہے۔
- اگر پاکستان میں کسی کاروبار میں سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں تو FRC,OPF سے معلومات حاصل کریں۔
- رقم بینک کے ذریعے منتقل کر کے سلور یا گولڈ کارڈ حاصل کر سکتے ہیں۔جس کے ذریعے ائیر پورٹ پر ڈیوٹی کی ادائیگی میں کمی سے فائدہ اٹھائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **او پی ایف پاکستانیز فاؤنڈیشن** | شاہراہ جمہوریت، سیکٹر G-5/2، اسلام آباد (پاکستان)<br>فیکس: 051-9211613,051-9224335 | 051-9202457-9,051-9203267<br>0800-04004 111-040-040 |
| **شکایات ونگ برائے سمندر پار پاکستانیز ہیومن رائٹس سیل** | سپریم کورٹ آف پاکستان شاہراہ دستور، اسلام آباد | فیکس: 0092-51-9219516<br>hrcell@supremecourt.gov.pk |

## کال سرزمین ویب پورٹل

بیرونِ ملک مقیم پاکستانی مندرجہ ذیل پورٹل پر شکایات درج کروا سکتے ہیں۔

www.callsarzameen.ophrd.gov.pk/cms/public/complaintform

## وزیراعظم پاکستان کا سٹیزن پورٹل

بیرونِ ملک مقیم پاکستانی ، سٹیزن پورٹل ، کے ذریعے اپنی شکایات درج کروا سکتے ہیں۔

# اوورسیز ایمپلائمنٹ ایجنسی کی طرف سے بے ضابطگیوں کی صورت میں پروٹیکٹر آف ایمیگرینٹس سے شکایت کیلئے معلومات

| | |
|---|---|
| **راولپنڈی آفس** | ڈائریکٹر<br>فون نمبر: 092-51-9290439<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرینٹس، بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، رحمان آباد، میٹرو اسٹیشن، مریدیاں مال، نادرہ اینڈ پاسپورٹ آفس بلڈنگ، راولپنڈی۔ |
| **پشاور آفس** | ڈائریکٹر<br>فون نمبر: 092-92-258449<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرینٹس، بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، پولیس اسٹیشن، کینال روڈ، گرینڈ ٹرنک روڈ، گل بہار، سکندر ٹاون، پشاور۔ |
| **کراچی آفس** | ڈائریکٹر<br>فون نمبر: 092-21-34398711<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرینٹس، بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، J-14، بلاک نمبر 6، نزد KFC، نرسری PECHS، کراچی۔ |
| **لاہور آفس** | ڈائریکٹر<br>فون نمبر: 092-42-35852660<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرینٹس، بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، G-117 بلاک، ماڈل ٹاون، لاہور۔ |
| **کوئٹہ آفس** | ڈپٹی ڈائریکٹر<br>فون نمبر: 091-81-9201733<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرنٹس، بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، بنگلہ نمبر B-113 ارباب افضل بنگلوز نزد سپرینٹنڈنٹ آف پولیس ٹریننگ، سپینی روڈ، کوئٹہ۔ |
| **ملتان آفس** | ڈپٹی ڈائریکٹر<br>فون نمبر: 092-62-9330438, 9330439, 9330440<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرنٹس، بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، مکان نمبر 336 نقش بند کالونی ایف آئی اے سٹریٹ، رشید آباد چوک، ملتان۔ |
| **مالاکنڈ آفس** | ڈپٹی ڈائریکٹر<br>فون نمبر: 92-0932-412483<br>پتہ: پروٹیکٹر آف امیگرنٹس، بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، دوسری منزل، گل سٹی سینٹر، بائی پاس روڈ، بٹ خیلہ، مالاکنڈ۔ |

## رسمی اور غیر رسمی طریقوں سے رقوم بھیجنے کے فوائد و نقصانات

| رسمی طریقہ | غیر رسمی طریقہ (ہنڈی یا حوالہ) |
| --- | --- |
| **فوائد**<br>• رقم محفوظ رہتی ہے۔<br>• رقم بھیجنے پر خرچ کم ہوتا ہے۔<br>• رقم پر منافع حاصل ہو سکتا ہے۔<br>• رقم کو آپ مختلف اسکیموں وغیرہ میں لگا سکتے ہیں۔<br>• رقم بھیجنے کے عمل پر بینک کے قانون لاگو ہوتے ہیں۔<br>• مالیاتی مسائل کے متعلق مشورہ لے سکتے ہیں۔<br>• وطن آمد پر ایئر پورٹ پر ڈیوٹی میں چھوٹ ملتی ہے۔ | **فوائد**<br>• رقم با آسانی حاصل کی جا سکتی ہے۔<br>• آپ رقم اپنے قریبی علاقے سے حاصل کر سکتے ہیں۔<br>• رقم جلدی پہنچ جاتی ہے۔ |
| **نقصانات**<br>• گاؤں اور دور دراز علاقوں میں رہنے والوں کے لیے رقم وصول کرنا مشکل ہوتا ہے۔<br>• مخصوص وقت میں رقم حاصل کی جا سکتی ہے۔<br>• کم سے کم ڈیپازٹ رکھنے کی حد زیادہ ہو سکتی ہے۔<br>• اکاؤنٹ کے استعمال پر فیس ادا کرنا پڑتی ہے۔<br>• لمبی قطاروں میں کھڑا ہونا پڑتا ہے۔ | **نقصانات**<br>• رقم کی ترسیل کے علاوہ کوئی دوسری سروس مہیا نہیں کی جاتی جس سے آپ بھیجی گئی رقم سے کوئی فائدہ حاصل کر سکیں۔<br>• رقم وصول کرنا اکثر و بیشتر غیر محفوظ ہوتا ہے۔<br>• رقم بھیجنے پر زیادہ خرچ آتا ہے۔ |




# بیرون ملک پاکستانیوں کا قانونی ذرائع سے رقم بھیجنا

## محفوظ آسان اور بلامعاوضہ ہیں




- قانونی ذرائع میں بینکس، مجاز ایکسچینج کمپنیز اور پاکستان پوسٹ آفس شامل ہیں
- قانونی ذرائع کی بدولت ترسیلات زر محفوظ آسان اور بلامعاوضہ ہیں
- رقم کی اکاؤنٹ میں فوری منتقلی اور وصول شدہ رقم کا تصدیق نامہ (پروسیڈ ریلائیزیشن سرٹیفکیٹ) پہلے سال بلامعاوضہ حاصل کریں جو ٹیکس اتھارٹی کے لیے بھی قابل قبول ہے
- حوالہ اور ہنڈی کے ذریعے رقم کی منتقلی ناجائز ہے۔ علماء کا فتوی
- موبائل اکاؤنٹ کے ذریعے ہر ایک امریکی ڈالر کی ترسیل پر ۲ روپے کا ائر ٹائم مفت حاصل کریں



# پاکستان ریمی ٹینس انیشیٹو پی آر آئی

پاکستان میں ترسیلات زر کو بڑھانے کے لئے اسٹیٹ بینک آف پاکستان، وزارت بیرون ملک مقیم پاکستانیوں اور وزارت خزانہ نے پاکستان ریمی ٹینس انیشیٹو پی آر آئی کے نام سے ایک مشترکہ ادارہ قائم کیا۔

۔بیرون ملک پاکستانیوں کے لیے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع

۔غیر رسمی طریقوں کی نسبت رقم کی وصولی کا باسہولت سستا آسان اور موثر بنانا

۔مقاصد اور فوائد: بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرنے ھیں۔ ترسیل زر کو باسہولت، سستا، آسان اور موثر بنانا ہے ادائیگیوں کے لئے کاؤنٹر پر کیش ادائیگی کو متعارف کرا کے بینکوں کو سہولت فراہم کی ہے۔ پاکستان میں میں پچیس بڑے بینک (پی آر آئی) کی خدمات فراہم کر رہے ہیں بنکوں کی تفصیلات اس ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔/ www.http://www.pri.gov.pk/urdu

تمام بڑے بینکوں نے پہلے ہی ترسیلات. یہی آر آئی کی طرف سے پیش کی گی فوری سروس ہے اور غیر رسمی چینلز کے مقابلہ میں انتہائی پر اثر ہے. ریمی ٹینس پر کوئی ٹیکسز نہیں ہیں۔

وصول کرنے کا ٹائم کیش کی صورت میں 10 minutes

اکاؤنٹ ٹو اکاونٹ--48-24 گھنٹے

مزید تفصیلات کے لئے www.http://www.pri.gov.pk

Ph: +9221-111-727-774 email: info@pri.gov.pk

شکایات کے لئے: پیر-جمعہ صبح 08:30 سے رات 10:00 تک اور ہفتے صبح 09:00 سے شام 05:00 تک۔

www. complaints@pri.gov.pk

# 4. وطن واپسی اور قیام

## 4.1 وطن واپسی کے لیے تیاری

### واجبات اور بقایا جات کی وصولی کا عمل

وطن واپسی سے پہلے آپ کو چاہیے کہ مندرجہ ذیل امور کو مکمل کریں کیونکہ اگر آپ وطن واپس آ گئے تو آپ اپنے واجبات اور بقایا جات کی وصولی کو ممکن نہیں بنا سکیں گے۔

**1۔ بقایا جات کی ادائیگی**

وطن واپسی کی تیاری کے دوران اس بات کو یقینی بنالیں کہ اگر آپ نے کسی سے ادھار لیا ہو یا کھانے، رہائش، چالان یا کسی اور مد میں کوئی بقایا جات کی ادائیگی کرنی ہو تو روانگی سے پہلے تمام بقایا جات ادا کر دیں۔ رقم ادا کرتے ہوئے رسیدیں ضرور حاصل کریں جو اس بات کا ثبوت ہیں کہ آپ نے بقایا جات ادا کر دیے ہیں۔

**یاد رکھیں۔**

بیرون ملک قیام کے دوران اگر آپ کسی قانون شکنی کے مرتکب ہوئے ہیں اور آپ پر کوئی جرمانہ عائد کیا گیا ہے تو یقین کر لیں کہ وہ جرمانہ آپ نے بروقت ادا کر دیا ہے وگرنہ آپ کو ائیر پورٹ پر وطن واپسی پر روک لیا جائے گا اور نہ صرف یہ کہ جرمانہ وصول کیا جائے گا اور جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں ممکن ہے آپ کی فلائٹ منسوخ ہو جائے۔

**2۔ واجبات کا حصول**

اگر آجر کی طرف آپ کی تنخواہ بقایا رہ گئی ہو تو اس سے وصولی کے لیے تقاضا کریں۔ اگر آجر تنخواہ روک لے یا ادائیگی میں تاخیر برتے تو اس سے بات چیت سے مسئلہ کو حل کریں۔ پھر بھی مسئلہ حل نہ ہو تو پاکستانی سفاتخانہ میں موجود کمیونٹی ویلفیئر اتاشی سے رابطہ کریں اور اسے صورت حال سے آگاہ کریں اور اپنے مسئلے کا تحریری ثبوت پاس رکھیں۔

**3۔ ترسیلات زر / رقوم وطن بھیجنا**

واجبات کی وصولی کے بعد کوشش کریں کہ محفوظ طریقہ سے اپنی رقوم کو وطن واپس بھیجیں کیونکہ دوران سفر زیادہ رقم لانا آپ کے لیے غیر محفوظ ہے۔ ہمیشہ Pakistan Remittances Iniative (PRI) سے رجسٹرڈ شدہ بینکوں سے ہی رقم پاکستان بھیجیں۔

**4۔ انشورنس اور دیگر مراعات**

گلف ممالک میں کمپنیاں اپنے ورکروں کو میڈیکل انشورنس اور دیگر مراعات جن میں بونس، اوورٹائم وغیرہ شامل ہیں فراہم کرتی ہیں اگر آپ کی انشورنس، اوورٹائم اور دوسری مراعات کی مد میں واجبات بقایا ہیں تو انہیں وصول کریں کیونکہ اگر آپ ایک بار وطن واپس آ گئے تو آپ اپنے واجبات حاصل نہیں کر سکیں گے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

اگر آپ کے پاس فارن ایکسچینج ریمیٹنس کارڈ ہے تو آپ ڈیوٹی فری شاپ سے مصنوعات خرید سکتے ہیں۔

## 4.2 ملک سے بے دخلی

آپکو مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا پر پاکستان واپس بھیجا جا سکتا ہے۔

1 ملازمت کا معاہدہ ختم ہو گیا ہو اور اُسکی تجدید نہ ہوئی ہو۔

2 صحت کے سنگین نوعیت کے مسائل۔

3 مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث۔

03

# شفاف اور قانونی طریقے سے بیرونِ ملک ملازمت اور بھرتی کیلئے عمومی اصول

انکا مقصد عالمی ادارۂ محنت، دیگر تنظیموں، قومی مجلس قانون ساز اور سماجی شراکتوں کو معلومات فراہم کرنا ہے۔ تاکہ وہ موجودہ اور مستقبل کے کام میں شفاف اور قانونی طریقے سے بھرتی کو یقینی بنا سکیں اور اسے فروغ دے سکیں

**1**



### انسانی حقوق اور محنت کشوں کے حقوق کا احترام

بھرتی کے عمل میں بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ انسانی حقوق کے تحفظ اور پاسداری کا خیال رکھا جائے۔ خاص طور پر عالمی ادارہ محنت کے معیارات اور بلخصوص تنظیم سازی و حقِ وابستگی، اجتماعی سوداکاری کی آزادی ، جبری مشقت اور بچوں کی مشقت کے خاتمے اور ملازمت اور روزگار میں ہر طرح کے امتیازی سلوک کے خاتمے کو اس عمل میں شامل کیا جائے۔

**2**



### لیبر مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق باوقار روزگار کا فروغ

بھرتی کا عمل لیبر مارکیٹ کی طے شدہ ضروریات کے مطابق ہو اور اس کا مقصد موجودہ افرادی قوت میں کمی کرنا یا ان کو اپنی جگہ سے ہٹانا نہ ہو۔ نہ ہی اس سے لیبر کے معیارات، معاوضے اور حالات کار میں کمی آئے اور نہ ہی باوقار روزگار میں کمی لائی جائے۔

**3**



### بھرتیوں اور ملازمت کے ضروری قوانین اور پالیسیوں کا اطلاق

بھرتیوں اور ملازمت کے ضروری قوانین اور پالیسیوں کا اطلاق تمام محنت کشوں، بھرتیاں کرنے والوں اور آجروں پر کیا جائے۔

**4**



### قابلیت، شفافیت اور محنت کشوں کا تحفظ

بھرتیوں کے عمل میں ان پالیسیوں اور اقدامات کو مدنظر رکھا جائے تاکہ قابلیت اور ہنر کی شناخت کے ذریعے بھرتی کو شفاف بنایا جائے اور محنت کشوں کے حقوق کا تحفظ کیا جائے۔

**5**



### لیبر کی نگرانی ذریعے بھرتی اور ملازمت کے قواعد کا اطلاق

بھرتی اور ملازمت کے قواعد واضح اور شفاف ہونے چاہئیں اور ان کا نفاذ مؤثر طور پر ہونا چاہیئے۔ لیبر کی نگرانی اور معیاری رجسٹریشن کے استعمال کو واضح کیا جائے۔ لائسنسنگ یا سرٹیفیکیشن کے نظام کو اجاگر کیا جائے۔ متعلقہ اہلکاروں کو چاہیئے کہ استحصالی اور مشکوک بھرتیوں اور ان طریقہ کار کے خلاف خصوصی اقدامات کریں جن کے نتیجے میں جبری مشقت یا غیر قانونی انسانی تجارت کا امکان ہو۔

**6**



### ملکی قوانین اور اجتماعی معاہدوں کی پاسداری اور نفاذ

دوسرے ممالک سے کی جانے والی بھرتیوں میں قابلِ اطلاق ملکی قوانین، قواعد اور ملازمت کے معاہدوں کی پاسداری کی جائے۔ آبائی، عبوری اور میزبان ممالک کے درمیان قابلِ اطلاق اجتماعی معاہدوں اور بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ انسانی حقوق بشمول بنیادی اصول اور جائے کار پر حقوق اور ان سے متعلق محنت کے بین الاقوامی معیارات کی بھی پاسداری کی جائے۔ ان قوانین اور معیارات کا اطلاق مؤثر طور پر کیا جائے۔

## 7

### بھرتی کیلئے فیس یا اخراجات

محنت کشوں یا ملازمت تلاش کرنے والوں سے بھرتی کیلئے کسی قسم کی فیس یا اخراجات وصول نہیں کیے جائیں۔

## 8

### ملازمت کے واضح اور شفاف معاہدے

ملازمت کی شرائط اور ضوابط مناسب، قابلِ تصدیق اور آسان الفاظ میں تحریر ہوں۔ خاص طور پر ملازمت کا معاہدہ تحریری ہو اور معاہدہ ملکی قوانین، قواعد و ضوابط، اور قابلِ اطلاق اجتماعی سوداکاری کے مطابق ہو۔ معاہدہ واضح اور شفاف ہو اور اس میں ملازمین کو جائے کار اور مطلوبہ کام کے بارے میں تمام معلومات فراہم کی جائیں۔ مہاجر محنت کشوں کیلئے تحریری معاہدہ اس زبان میں فراہم کیا جائے جس کو وہ آسانی سے سمجھ سکتے ہوں۔ انہیں اپنا آبائی وطن چھوڑنے سے پہلے معاہدہ فراہم کیا جائے اور ان کے پاس معاہدہ وصول کرنے کے بعد بھی کافی وقت ہوتا کہ وہ اسے بہتر طور پر سمجھ سکیں۔ ایسے اقدامات کئے جائیں جن سے معاہدے میں کسی تبدیلی کی گنجائش باقی نہ رہے اور یہ معاہدہ قابلِ نفاذ بھی ہو۔

## 9

### محنت کشوں کو آزادی ہو کہ کسی قسم کے دھوکے یا دباؤ میں نہ آئیں

محنت کشوں کا حق ہے کہ کسی بھی قسم کے دھوکے یا دباؤ میں آئے بغیر، اپنی مرضی سے بھرتی اور ملازمت کی شرائط ضوابط کو قبول کریں۔

## 10

### مفت، جامع اور درست معلومات تک رسائی

محنت کشوں کو بھرتی اور ملازمت کے حقوق اور شرائط کے حوالے سے مفت، جامع اور درست معلومات تک رسائی دی جائے۔

## 11

### محنت کش کی نقل و حرکت کی آزادی اور شناختی دستاویزات کو اپنی تحویل میں رکھنے کا حق

اگر محنت کش ملک میں ایک سے دوسری جگہ یا ملک باہر جانا چاہے تو اس کی خواہشات کا احترام کیا جائے۔ شناختی دستاویزات اور معاہدہ کو نہ تو قبضے میں لیا جائے، نہ تلف کیا جائے اور نہ ہی اپنے پاس روک کر رکھا جائے۔

## 12

### محنت کشوں کیلئے ملازمت ختم کرنے اور آجر تبدیل کرنے کی آزادی

محنت کشوں کو اپنی ملازمت ختم کرنے کی آزادی ہو اور اگر وہ تارکِ وطن ہیں تو انہیں اپنے ملک واپس جانے کی آزادی حاصل ہو۔ مہاجر محنت کشوں کو ملازمت تبدیل کرنے کیلئے اپنے موجودہ آجر یا ملازمت فراہم کرنے والے ادارے سے اجازت کی ضرورت نہیں ہونی چاہیئے۔

## 13


### استحصال یا تنازعات کی صورت میں مفت اور سستے طریقہ کار تک رسائی اور مؤثر تدارک

کسی بھی ریاست میں، چاہے محنت کشوں کی حیثیت قانونی یا غیر قانونی ہو انہیں بھرتی کے دوران حقوق کے استحصال، شکایات یا تنازعات کے حل کیلئے مفت اور سستے طریقہ کار تک رسائی حاصل ہو اور اگر کسی قسم کا استحصال کیا گیا ہے تو اس کا تدارک موثر صورت میں کیا جائے۔

# 04

# گلف ممالک کے لیبر قوانین

## سعودی عرب




## بطور ورکر آپ کن سہولیات کے حقدار ہیں


ملازمت کا معاہدہ

- ملازمت شروع کرنے سے قبل آپ کو ملازمت کا تحریری معاہدہ عربی زبان میں تمام شرائط کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ اس کا موازنہ پاکستان میں کیے گئے معاہدے کے ساتھ کریں۔
- اقامہ یا ورک پرمٹ جاری کرانے کے لیے آپ اپنے آجر یا کفیل سے رابطہ کرتے ہیں۔
- 6 ماہ کی آزمائشی مدت (Probation Period) کے دوران آجر ملازمت کا معاہدہ ختم کر سکتا ہے۔
- آزمائشی مدت کے دوران ورکر کی طرف سے معاہدہ ختم کیے جانے کی صورت میں اسے کسی بھی قسم کے واجبات، تنخواہ اور واپسی کا ٹکٹ فراہم نہیں کیا جاتا ہے۔
- کسی بھی وجہ سے ملازمت ختم ہونے کی صورت میں آجر سے تحریری طور پر منسوخی کی وجہ کا سرٹیفکیٹ ضرور حاصل کریں۔


معاہدہ ختم ہونے کی وجوہات

- دونوں فریق باہمی رضا مندی سے ملازمت کا معاہدہ ختم کر سکتے ہیں۔
- ورکر کی رضامندی تحریری صورت میں ہونی چاہیے۔
- اگر ورکر ریٹائرمنٹ کی عمر کو پہنچ جائے (مرد کی ریٹائرمنٹ کی عمر ساٹھ سال جب کہ خاتون کی عمر پچپن سال ہے)۔
- آزمائشی مدت کے بعد آجر کسی ورکر کو پیشگی نوٹس یا اطلاع یا معاوضہ کے بغیر ملازمت سے فارغ نہیں کر سکتا۔
- ورکر بغیر کسی وجہ کے ملازمت سے نکالنے کی صورت میں لیبر کورٹ سے رجوع کر سکتا ہے۔
- ایچ۔آئی۔وی اور ہیپاٹائٹس کی تشخیص پر بھی ملازمت سے فارغ کیا جا سکتا ہے۔
- بغیر اطلاع یا اضافی چھٹیوں پر آپ کی ملازمت خطرے میں پڑ سکتی ہے اور ملازمت کا معاہدہ منسوخ ہو سکتا ہے۔
- سعودی لیبر قوانین کے مطابق ہڑتال کرنا، کام روکنا یا یونین بندی کرنا قانوناً جرم ہے اور اس کی سزا ایک سے تین سال تک ہے اور اس کے علاوہ جرمانہ بھی ہو سکتا ہے۔


طبی معائنہ

- سعودی عرب کا ورک ویزہ حاصل کرنے کے لیے آپ کو گیمکا (GAMCA) کے پاکستان میں تسلیم شدہ سینٹرز سے طبی معائنہ (Pre-Medical) کروانا ضروری ہے۔ سعودی عرب پہنچنے پر آجر ورکر کا طبی معائنہ دوبارہ کرواتا ہے۔



## چھٹیاں

- بیماری کی صورت میں آجر کو اطلاع دینا اور متعلقہ ہسپتال یا ڈاکٹر سے بیماری کا سرٹیفکیٹ بھی حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے۔
- اگر ورکر نے ملازمت کا ایک سال مکمل کر لیا ہو تو وہ پوری تنخواہ کے ساتھ 21 دن کی چھٹی حاصل کر سکتا ہے۔
- اگر ورکر کا ملازمت کا معاہدہ ختم ہو گیا ہو اور اس نے چھٹیاں نہ لی ہوں تو ان چھٹیوں کے بدلے تنخواہ حاصل کر سکتا ہے۔



## اُجرت اور اوور ٹائم

- ملازمت کے معاہدے کے مطابق تنخواہ ماہانہ بنیاد پر ادا کی جاتی ہے اس کے علاوہ آجر ورکر رضا مندی سے تنخواہ ہفتوں یا دنوں کی بنیاد پر یا کسی اور طریقے سے ادا کر سکتا ہے۔
- تنخواہ لوکل کرنسی میں اور مقامی بینک کے ذریعے ادا کی جاتی ہے۔
- اگر ورکر سے جانتے بوجھتے یا غفلت سے آجر کی کسی مشین یا آلات کا نقصان ہو جائے تو ورکر کی تنخواہ سے ہر ماہ پانچ دنوں کی تنخواہ کی کٹوتی کی جاتی ہے۔
- ورکر ویلفیئر فنڈ، قرض کی ادائیگی، سوشل انشورنس، جرمانہ یا دیگر ادائیگیوں کی صورت میں ورکر کی مرضی کے مطابق اس کی تنخواہ سے کٹوتی کی جاتی ہے۔
- اگر آجر لیبر قوانین کے مطابق ورکر کی تنخواہ روک لے، وقت پر ادائیگی نہ کرے، کٹوتی کرے تو ورکر لیبر کورٹ سے رجوع کر سکتا ہے۔
- ملازمت کا معاہدہ ختم ہونے پر آجر ورکر کو اس کے واجبات، تجربہ کا سرٹیفکیٹ (جس میں مدت ملازمت کی مدت اور آخری ادا کردہ تنخواہ وغیرہ کی تفصیلات موجود ہوں) اور تمام جمع کرائی جانے والی دستاویزات واپس دیتا ہے۔
- دوران ملازمت ورکر کے فوت ہو جانے کی صورت میں میت آبائی ملک بھیجنے کے اخراجات آجر ہی ادا کرتا ہے اور دوسری صورت میں General Organization for Social Insurance (GOSI) یہ ذمہ داری OPF بھی پاکستانی ورکر کی میت کو وطن بھجوانے کا انتظام کرتا ہے۔



## انشورنس اور پیشہ ورانہ حفاظت

- ورکر کو کام سے متعلقہ خطرات سے آگاہ کرنا، صاف ستھری جگہ کی فراہمی اور پیشہ ورانہ حفاظت سے متعلقہ تمام آلات اور سروس فراہم کرنا آجر کی ذمہ داری ہے۔
- حادثہ یا زخمی ہونے کی صورت میں ورکر کے علاج کے اخراجات کی ذمہ داری آجر کی ہوتی ہے۔



## ملازمت کی تبدیلی (نقل کفالہ)

- موجودہ آجر سے No Objection Certificate (NOC) حاصل کر کے آپ آجر تبدیل کر سکتے ہیں۔
- سعودی لیبر منسٹری نے ورکر کو آجر یا کفیل کی اجازت کے بغیر قانونی طور پر ملازمت تبدیل کرنے کا اختیار دیا ہے جس کی شرائط ذیل میں دی گئی ہیں۔
- آپ جس کمپنی میں ملازمت کر رہے ہیں وہ Red یا Yellow کیٹگری سے تعلق رکھتی ہیں۔

# یاد رکھیں!



## ویزا کا حصول اور تجدید

- سعودی عرب کے ویزہ کے لیے ای۔ویزہ کا ہونا ضروری ہے۔
- ویزا کی ابتدائی مدت 90 دن ہوگی جس کی توسیع آجر یا کمپنی بعد میں مہیا کروائے گی۔
- آپ انفرادی یا ریکروٹمنٹ ایجنسی کے ویزہ پر جا رہے ہیں اور ابتدائی ویزہ آپ کو سعودی سفارتخانہ آپ کے پاسپورٹ پر چسپاں کر کے دے گی۔
- ویزا کے اجراء کے لیے ریکروٹمنٹ ایجنسی پہلے E-Number حاصل کرتی ہے۔
- ویزا کے اجراء کے 90 دن کے اندر سعودی عرب میں ملازمت کی جگہ پر پہنچنا ضروری ہے۔

## شکایات اور معاونت کے لیے درج ذیل نمبروں پر رابطہ کریں

### 1- کمیونٹی ویلفیئر اتاشی جدہ I (سعودی عرب)

دفتر: 00966-12-6611661
رہائش: 00966-55-2353366
فیکس: 00966-12-6606275
ای میل: cwa1@eddah.com
کونصلیٹ جنرل آفس پاکستان N-17، E-7

### 2- کمیونٹی ویلفیئر اتاشی جدہ II (سعودی عرب)

دفتر: 00966-12-66133605
رہائش: 00966-55-23062080
فیکس: 00966-12-6606275
ای میل: cwa2@eddah.com
ایمبیسی آف پاکستان ڈپلومیٹک کوارٹرز
پی او باکس 94007 الریاض

### 3- کمیونٹی ویلفیئر اتاشی ریاض I (سعودی عرب)


دفتر: 00966-114822507
رہائش: 00966-552773332
فیکس: 00966-114887953
ایمبیسی آف پاکستان ڈپلومیٹک کوارٹرز
پی او باکس 94007 الریاض

### 4- کمیونٹی ویلفیئر اتاشی ریاض II (سعودی عرب)

دفتر: 00966-114826473
رہائش: 00966-594478991
فیکس: 00966-114887953

# متحدہ عرب امارات (یو اے ای)

متحدہ عرب امارات (یو اے ای) سات ریاستوں پر مشتمل ہے جس میں ابوظہبی، دبئی، شارجہ، راس الخیمہ، اُم القوین، عجمان اور فجیرہ شامل ہیں۔





## بطور ورکر آپ کن سہولیات کے حقدار ہیں



### ملازمت کا معاہدہ

- 6 ماہ کی آزمائشی مدت (Probation Period) کے دوران آجر بغیر نوٹس دیے ملازمت کا معاہدہ ختم کر سکتا ہے۔
- آزمائشی مدت کے دوران ورکر کی طرف سے معاہدہ ختم کیے جانے کی صورت میں اسے کسی بھی قسم کے واجبات، تنخواہ اور واپسی کا ٹکٹ فراہم نہیں کیا جاتا ہے۔



### معاہدہ ختم ہونے کی وجوہات

- دونوں فریق باہمی رضا مندی سے ملازمت کا معاہدہ ختم کر سکتے ہیں۔ جو تحریری صورت میں ہونی چاہیے۔
- اگر ورکر ریٹائرمنٹ کی عمر کو پہنچ جائے (مرد کی ریٹائرمنٹ کی عمر ساٹھ سال جب کہ خاتون کی عمر پچپن سال ہے)۔
- آزمائشی مدت کے بعد آجر کسی ورکر کو پیشگی نوٹس یا اطلاع یا معاوضہ کے بغیر ملازمت سے فارغ نہیں کر سکتا۔
- ورکر بغیر کسی وجہ کے ملازمت سے نکالنے کی صورت میں لیبر کورٹ سے رجوع کر سکتا ہے۔
- ایچ۔آئی۔وی اور ہیپاٹائٹس کی تشخیص پر بھی ملازمت سے فارغ کیا جا سکتا ہے۔



### سہولیات اور فوائد

- ملازمت کی مدت مکمل ہونے کی صورت میں آجر کی طرف سے ورکر کو واپسی کے لیے ٹکٹ ادا کیا جاتا ہے۔
- ایک سال کی ملازمت کے بعد End -of-Service Benefit کے تحت (21) دن کی تنخواہ بھی آجر کی طرف سے ادا کی جاتی ہے۔



### ملازمت کی تبدیلی

- اگر آپ ملازمت تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو آجر کی رضامندی سے ملازمت کا معاہدہ ختم کر کے نئی ملازمت کے لیے دوبارہ سے ورک پرمٹ حاصل کرنا ہوگا۔
- بہتر ملازمت کی پیشکش ہونے کی صورت میں آپ موجودہ آجر کو ایک مہینے کا پیشگی نوٹس دے کر ملازمت کی مدت پوری کریں۔ اور اس کے بعد نئی ملازمت جوائن کر سکتے ہیں۔

**یاد رکھیں!**



### ویزہ کی مدت اور تجدید

- متحدہ عرب امارات کا ویزہ پیپر ویزہ (Paper Visa) جس کے کاغذ کا رنگ گلابی ہوتا ہے۔
- یہ ویزہ آجر ائیر پورٹ کے Faciliation Counter پر جمع کروایا جاتا ہے
- جب کوئی ورکر ائیر پورٹ پر پہنچتا ہے تو اسے Faciliation Counter کی طرف بلایا جاتا ہے۔
- ورکر کو چاہیے کہ متوجہ رہے اور کاؤنٹر سے اپنا ویزہ حاصل کرنا مت بھولے۔
- آجر اور ورکر باہمی رضامندی سے ویزہ کی تجدید کر سکتے ہیں۔
- ویزہ کے اجراء کے 60 دن کے اندر متحدہ عرب امارات میں ملازمت کی جگہ پر پہنچنا ضروری ہے۔



### 5- کمیونٹی ویلفیئر اتاشی دبئی I

دفتر: 00971- 43971748
رہائش: 00971- 502248935
فیکس: 00971- 243971975
00971- 243971364
ای میل: cwa-i@pakistanconsulate.ae
ایمبیسی آف پاکستان پلاٹ نمبر 2 سیکٹر W-59 ڈپلومیٹک انکلیو پی او بکس 846 ابوظہبی

### 6- کمیونٹی ویلفیئر اتاشی دبئی II

دفتر: 00971- 43966651
رہائش: 00971- 543125876
فیکس: 00971- 243971364
ای میل: asma.ghazanfer@gmail.com
کونصلیٹ جنرل پاکستان خالد بن ولید روڈ دبئی

# قطر

| | | |
|---|---|---|
|   دارالخلافہ |   طرز حکومت |  ریگستان پر مشتمل |
|   آبادی |   زبان |   چھٹی |
|  کرنسی |   معیاری وقت |  قومی لباس |

## بطور ورکر آپ کن سہولیات کے حقدار ہیں



### ملازمت کا معاہدہ

- آزمائشی مدت (Probation Perion) کا دورانیہ چھ مہینے ہے۔
- قطر کے لیبر قوانین کے مطابق آپ زیادہ سے زیادہ پانچ سال کے لیے ملازمت کا معاہدہ حاصل کر سکتے ہیں۔
- ملازمت کے معاہدہ کی توسیع آجر اور ورکر کی باہمی رضامندی سے کی جا سکتی ہے۔




### چھٹیاں

ایک سال کی مدت ملازمت مکمل کرنے پر آپ سالانہ چھٹیوں (Annual Leave) کے حقدار ہو جاتے ہیں جس کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں۔

- اگر ملازمت کی مدت 5 سال سے کم ہو تو سالانہ 3 ہفتے کی چھٹیاں۔
- اگر ملازمت کی مدت 5 سال سے زیادہ ہو تو سالانہ 4 ہفتے کی چھٹیاں۔



### سہولیات اور فوائد


- قطر کے لیبر قانون کے مطابق ورکر کو بونس یا End-of-Service Benefit دیا جاتا ہے جس کے لیے کم از کم ملازمت ایک سال ہونا ضروری ہے۔ بونس کی رقم میں Basic Wage اور living Allowance کی مخصوص شرح شامل کی جاتی ہے۔
- ملازمت کے اختتام پر دیے جانے والے بونس یا فوائد کیلئے کٹوتی آپ کی تنخواہ سے کی جاتی ہے۔



### ہیلتھ انشورنس اور پیشہ ورانہ حفاظت

- کام کی جگہ پر کسی حادثہ یا چوٹ (Injury) کی صورت میں ورکر کے علاج معالجے (، جس میں سرجری بھی شامل ہے) پر آنے والے اخراجات کی ذمہ داری آجر کی ہوتی ہے۔
- علاج معالجے کے دوران ورکر کو چھ مہینے تک تنخواہ اور دوسری مراعات ملتی ہیں اگر یہ مدت 6 ماہ سے زیادہ ہو جائے تو نصف تنخواہ ادا کی جائے گی۔ اس کے علاوہ معذوری یا فوت ہونے کی صورت میں آجر کی طرف سے معقول معاوضہ ادا کیا جائے گا۔
- اگر کوئی ورکر جان بوجھ کر خود کو زخمی کرلے یا خودکشی کرلے اور انکوائری کے بعد ایسا ثابت ہو جائے تو ایسی صورت میں اسے علاج معالجے اور دوسرے فوائد حاصل نہ ہوں گے۔

5



### ملازمت کی تبدیلی

قطر میں ملازمت کے دوران آپ اپنا آجر تبدیل کر سکتے ہیں اس کے لیے آپ کو مندرجہ ذیل میں دی گئی شرائط پر عمل کرنا ہوتا ہے۔

- ورکر کو اپنے آجر کے ساتھ دو سال کی ملازمت مکمل کرنا ہوتی ہے۔
- نئے آجر کی طرف سے ملازمت کی تبدیلی کے لیے رضامندی کا حصول ضروری ہوتا ہے۔
- پرانا آجر، ورکر اور نیا آجر Sponsorship Transfer Form پر دستخط کرتے ہیں جس کے بعد پرانے اور نئے آجر کے دستخطوں کی تصدیق کی جاتی ہے۔

## یاد رکھیں!

6



### ویزہ کی مدت اور تجدید

ابتدائی طور پر ایک سے تین ماہ کے لیے ویزہ جاری کیا جاتا ہے بعد میں آجر اس کی توسیع کرواتا ہے جس پر آپ کو رہائش کا اجازت نامہ (Resident Permit) جاری کیا جاتا ہے۔

### 7۔ کمیونٹی ویلفیئر اتاشی قطر

ایمبیسی آف پاکستان پلاٹ نمبر 30 ڈپلومیٹک ایریا پی او بکس 334 دوحہ
دفتر: 00974-44836708
فیکس: 00974-44832227
رہائش: 00974-33237479
junaldamirsial@yahoo.com

# اضافی معلوماتی نوٹس برائے رہنمائی

**Pakistan Workers Federation**
(Central Punjab Region)
40-B 1st Floor Allama Iqbal Road
Muhammad Nagar, Lahore
www.pwfcpr.org
saadch@pwfcpr.org
03334333387